DGK-G2-12-19

PAPER CODE - 8022

بارہویں کلاس 12019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا | حصہ معروضی | وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1 (الف) نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے ٥

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | کس مغل بادشاہ نے پیغام رسانی کے لیے کبوتر پال رکھے تھے ؟ | (A) بابر | (B) ہمایوں | (C) اکبر | (D) جہانگیر |
| 2 | علی گڑھ کالج یونیورسٹی کے درجے تک پہنچا | (A) 1906 | (B) 1918 | (C) 1920 | (D) 1921 |
| 3 | مکران کے گورنر کا نام تھا | (A) محمد بن یوسف | (B) محمد بن ہارون | (C) علی موسیٰ | (D) علی حیدر |
| 4 | بیگم اختر ریاض الدین کے شوہر کتنا عرصہ پہلے ہوائی جا چکے تھے؟ | (A) تین مہینے | (B) چار مہینے | (C) پانچ مہینے | (D) چھ مہینے |
| 5 | افغانستان میں ریلوے لائن بچھائی تھی۔ | (A) بچہ سقہ | (B) نادر شاہ | (C) احمد شاہ | (D) امان اللہ خاں |

(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مد نظر رکھتے ہوئے درست جواب کی نشان دہی کیجیے ٥

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | دن ہو ..........رات، اللہ کو ہمیشہ یاد کرو | (A) یا | (B) مگر | (C) چونکہ | (D) بلکہ |
| 7 | جوں جوں وقت قریب آیا..........پریشانی بڑھتی گئی | (A) ویسے ویسے | (B) توں توں | (C) جیسے جیسے | (D) تو پھر |
| 8 | آدمی کے دو کان، دو آنکھیں اور ایک منہ.......... | (A) ہوتے ہیں | (B) ہوتا ہے | (C) ہوتی ہے | (D) ہوتیں ہیں |
| 9 | یہ عورت بڑی ...... ہے | (A) لڑاکی | (B) لڑاکو | (C) لڑاکن | (D) لڑاکا |
| 10 | اس کا باغ، دو دکانیں اور زمین سب.......... | (A) بک گئے | (B) بک گئی | (C) بک گئیں | (D) بک گیا |

(ج) رموز اوقاف کے صحیح استعمال کی نشان دہی کیجیے ٥

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ مقصود ہو تو استعمال کرتے ہیں۔ | (A) ختمہ | (B) وقفہ | (C) رابطہ | (D) ندائیہ |
| 12 | واوین کی علامت ہوتی ہے۔: | (A) ! | (B) ؟ | (C) " " | (D) : |
| 13 | تفصیلیہ کی علامت ہے۔ | (A) ! | (B) : | (C) ، | (D) :- |
| 14 | کسی کو بلانا یا مخاطب کرنا ہو تو علامت آتی ہے۔ | (A) ندائیہ | (B) رابطہ | (C) واوین | (D) سوالیہ |
| 15 | انگریزی مخففات کو اردو میں لکھتے وقت کون سی علامت آتی ہے | (A) وقفہ | (B) ختمہ | (C) فجائیہ | (D) رابطہ |

(د) امدادی افعال کے استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست حصے کی نشان دہی کیجیے ٥

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | پڑنا : | (A) وہ پڑھتا رہا | (B) کتاب میز پر پڑی ہے | (C) وہ گر پڑا | (D) وہ راستے میں پڑا ہے |
| 17 | لینا : | (A) کیا لینا ہے | (B) کتاب لاؤ | (C) اس نے قلم لیا | (D) اس نے کاپی خرید لی |
| 18 | دینا : | (A) مجھے گھر جانے دو | (B) آواز دو | (C) اس نے درس دیا | (D) کتاب کس نے دی |
| 19 | نکلنا : | (A) وہ گھر سے نکلا | (B) میں وہاں جا نکلا | (C) سورج نکلا | (D) وہ نکل نہیں سکا |
| 20 | بیٹھنا : | (A) وہ کرسی پر بیٹھا | (B) کہاں بیٹھے ہو | (C) وہ اٹھ بیٹھا ہے | (D) نیچے بیٹھو |



ParhloPakistan.com

DGK-G2-12-19

بارہویں کلاس 12019

اردو لازمی ، گروپ دوسرا

وقت = 2 گھنٹے 40 منٹ

کل نمبر = 80

**حصہ انشائیہ**

سوال نمبر ۲۔(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۱+۴+۴

پہنچتا ہے ہر اک مے کش کے آگے دورِ جام اُس کا　　کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا
میری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی　　کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے شاعر کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۳+۳+۳

دید وا دید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو　　جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں
بے ہنر ، دشمنی اہلِ ہنر سے ، آکر　　منہ پہ چڑھتے تو ہیں ، پر جی سے اُتر جاتے ہیں
آہ ! معلوم نہیں ' ساتھ سے اپنے شب و روز　　لوگ جاتے ہیں چلے ' سو یہ کدھر جاتے ہیں

سوال نمبر ۳۔ سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۵ = ۱+۱+۳+۱۰

(الف) بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔

(ب) مرحوم کو سپردِ خاک کیا گیا۔ مولانا ابوبکر صاحب نے قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر فرمایا: "بھائیو ! ایوب اپنے پیدا کرنے والے کے ہاں پہنچ گئے۔ اگر تم میں سے کسی کو کوئی تکلیف پہنچی ہو تو معاف کر دینا" گریہ سب کے گلو گیر ہوا، کسی نے روکا اور کسی نے نہ روکا! ایک غم نصیب کے قلب کی گہرائیوں سے ایک اور دردناک صدا بلند ہوئی: "کیا یہاں کوئی ایسا بھی موجود ہے۔ جس پر ایوب کی خدمات کا صلہ واجب الادا نہ ہو؟ " اس آواز کو سنا کسی نے نہیں، محسوس سب نے کیا۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے اور مصنف کا نام بھی لکھیے ۱۰ = ۱+۹

(i) مناقب عمر بن عبدالعزیز"　(ii) ہوائی

سوال نمبر ۵۔ سید ضمیر جعفری کی نظم " آدمی " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ ۵

سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے ۲۰

(الف) پانی کا بحران۔ ایک اہم قومی مسئلہ
(ب) پاک چین دوستی
(ج) اردو : ہماری قومی زبان

سوال نمبر ۷۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر ہم نصابی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی تلقین کیجیے۔ ۱۰

D



ParhloPakistan.com